## سوال

(267)جمعہ وعیدین کا خطبہ کے دوران سلام کرنا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ وعیدین کا خطبہ ہوتے وقت جب عوام داخل ہوکر السلام علیکم کہتے ہیں توکیا مقتدی جواب دیں یا نہ دیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خطبہ کی حالت میں سلام کہنے والے کو روک دینا چاہیے۔ اگر کوئی کہہ دے تواس کو آہستہ سے جوابدے۔ آپ ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لائے۔ توقاری قرآن پڑھ رہا تھا۔ آپ چپکے آکر کھڑے ہوگئے۔ جب اس نے پڑھنا ختم کیا توآپ نے سلام کہا۔ (مشکواة)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد01ص457**

محدث فتویٰ